سوال

(350) عورت کے مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب وہاں پر رش ہو تو حجر اسود کے بوسے کی طرح اس کو بھی ترک کردینا چاہیے اور عورت پردہ ہے لہٰذا وہ اس سے اجتناب کرے۔ قاضی ابن رشد نے ذکر کیا ہے کہ یہ بالاجماع عورت کے حق میں مندوب نہیں ہے اور مجھے اجماع کا تو معلوم نہیں البتہ اصحاب کا کلام یہ ہے کہ بلاشبہ عورت مردوں کے ساتھ رش نہیں کرے گی اس سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ عورت حجر اسود کا بوسہ لے کر استلام کر سکتی ہے جب صرف عورتیں طواف کر رہی ہوں یا جب رش نہ ہو لیکن ابن رشد کا یہ قول تقریباً جمہور کا ہی قول ہے۔ (محمد بن ابراہیم رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 308

محدث فتویٰ